*This Question Paper contains 16 printed pages*
***(Part - A & Part - B)***

Sl.No. 0100442

# 05(U)

**(MARCH, 2019)**

**(New Course)**

| |
|---|
| પ્રશ્ન પેપરનો સેટ નંબર જેની સામેનું વર્તુળ **OMR** શીટમાં ઘટ્ટ કરવાનું રહે છે. |
| **Set No. of Question Paper, circle against which is to be darken in OMR sheet.** |
| **01** |

D

**Part - A : Time : 1 Hour / Marks : 50**

**Part - B : Time : 2 Hours / Marks : 50**

## (PART - A)

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 1 Hour*

## ہدایات :

(1) مندرجہ ذیل 01 سے 50 سوالات لازمی ہیں۔

(2) مندرجہ ذیل 01 سے 50 سوالات کے نمبر (مارکس) یکساں ہیں۔ ہر سوال کا 01 نمبر (مارکس) ہے۔

(3) OMR شیٹ پر ہر سوال کے سامنے O (D) O (C) O (B) O (A) دیا گیا ہے۔
اُس سوال کا جو صحیح جواب ہو اُس کا متبادل تلاش کر کے OMR سیٹ کے دائرے "O" میں پین سے مکمل گہرا ● کرنا ہوگا۔

1. شہزادہ خرم نے تلوار پر لگے ہوئے لعل سے کس کی مدد کی؟

(A) غریب عورت کی (B) چھوٹی بچی کی

(C) کہانی لکھنے والے نوجوان کی (D) شہر کے بچوں کی

2. ''ویسے نہیں کہتا شہر کے جس پٹھّے سے جی چاہے لڑا لیجئے''

(یہ جملہ کس سبق سے لیا گیا ہے؟)

(A) سخی (B) فقیر

(C) بات پھولوں کی (D) ہلدی گھاٹ کے بعد

3. ''سخی'' سبق کے مُصنف ذکریا اسٹریٹ، کلکتہ شہر کی کس ہوٹل میں بیٹھے تھے؟

(A) امبر ہوٹل (B) ذکریا اسٹریٹ ہوٹل

(C) دلکشا ہوٹل (D) فلورا ہوٹل

4. پھولوں کی دکان کے مالک کا نام کیا تھا؟

(A) شرما جی (B) مکھن لال

(C) راجو (D) سوگندھی لال

5. کندن صنفِ ادب کی کونسی قسم ہے؟

(A) افسانہ (B) خاکہ

(C) ڈرامہ (D) کہانی

6. مان سنگھ اکبر کی طرف سے کیا پیغام لے کر آیا تھا؟

(A) چتوڑ واپس دینے کا
(B) جنگ کا
(C) صلح، دوستی اور پیار کا
(D) ہلدی گھاٹ کے پہاڑ چھوڑنے کا

7. ''تھوڑی دیر صبر کیجئے گاڑی چلنے لگے گی تو سب ٹھیک ہو جائے گا'' یہ جملہ کس نے اور کس کو کہا؟

(A) مسافر نے سیکریٹری سے کہا
(B) منتری نے مسافر سے کہا
(C) منتری نے سیکریٹری سے کہا
(D) سیکریٹری نے منتری سے کہا

8. ''فقیر'' سبق کے مُصنف کون ہے؟

(A) عظیم بیگ چغتائی
(B) عصمت چغتائی
(C) پریم چند
(D) کلام حیدری

9. آپؐ نے رانونا میں پہلی نماز جمعہ ادا کی اس وقت آپ کے ساتھ کون تھا؟

(A) حضرت ابوبکرؓ
(B) حضرت عثمان غنیؓ
(C) حضرت بلال حبشیؓ
(D) حضرت علیؓ

10. گیان شنکر کی بیوی ودیا کے خیالات کس سے ملتے تھے؟

(A) گیان شنکر
(B) لالہ جٹا شنکر
(C) پربھا شنکر
(D) پدم شنکر

11. عصمت چغتائی کو کس کی شخصیت نے اپنی طرف متاثر کیا تھا؟

(A) عقیلہ خاتون (B) بیگم بھوپال

(C) برنارڈ شا (D) رشیدہ آپا

12. غالبؔ نے اپنے خط میں اپنے آپ کو کس نام سے مخاطب کیا ہے؟

(A) بندہ پرور (B) فقیر

(C) بھائی صاحب (D) صادق

13. ''دُنیا بہ امید قائم ہے'' اس سبق میں مُصنف نے کس پیغمبر کی مثال دی ہے؟

(A) حضرت داوٗدؑ (B) حضرت نوحؑ

(C) حضرت یحییٰؑ (D) حضرت شعیبؑ

14. مسجد رانو نا کھجوروں کے باغ کو مقامی لوگ کس نام سے پکارتے ہیں؟

(A) باغِ امبر (B) باغِ اجویٰ

(C) باغِ قلمی (D) باغِ ترکی

15. عصمت چغتائی کی والدہ کا نام کیا تھا؟

(A) نچھو خانم (B) ثریا خانم

(C) نجمہ خانم (D) نصرت خانم

16. ناطق لکھنوی نے اپنی رباعی میں کس بات کی اہمیت بتائی ہے؟

(A) ہستی کی (B) اخلاق کی

(C) وجود کی (D) رازِ بقا کی

17. ''امیر مینائی'' کا سب سے بڑا کارنامہ کیا ہے؟

(A) امیر اللغات (B) صبح ازل

(C) شام ابد (D) عاشقانہ دیوان

18. ''بس ایک تشکیک میری پونجی''، ''تشکیک'' کے صحیح معنی کیا ہونگے؟

(A) دھوکہ دینا (B) شک وشبہ میں ڈالنا

(C) وہم میں ڈالنا (D) ڈر پیدا کرنا

19. قائدہ روزگار کیا ہے؟

(پیوستہ رہِ شجر سے امیدِ بہار رکھ کے حوالے سے بتایئے)

(A) زمانے کا دستور (B) محبت سے ملنا

(C) درخت کی چھاؤ (D) کٹی ہوئی شاخ

20. قمریاں صبح کے وقت کیا کہتی ہے؟

(A) صُمّ بکمّ (B) اے حق تو ہے

(C) کُو کُو (D) تہلیل

21. نظم ''چاندتاروں کا جوبن'' کس المناک داستان کو بیان کرتی نظم ہے؟

(A) سیاست کا جادو (B) مایوسی کی داستان

(C) آزادی کی جدوجہد (D) آزادی کی روشنی

22. شاعر ''میر تقی میرؔ'' نے خدُا کی قدرت کا کیا عالم بتایا ہے؟

(A) وہ رحم وکرم سے دیکھتا ہے (B) قہروغضب سے دیکھتا ہے

(C) وہ مروّت سے دیکھتا ہے (D) احسان کی نظر سے دیکھتا ہے

23. ''عشق کرو انسانو'' نظم میں شاعر کہتے ہے کہ پہلے انسان جنگ کیوں کرتے تھے؟

(A) اپنے تحفظ کے لئے (B) ترقی اور کامیابی کے لئے

(C) امن وسکون کے لئے (D) اپنے ملک کو بچانے کے لئے

24. جب تک مسلمانوں میں اتفاق رہا وہ کس حالت میں رہے؟

(A) حُبِ یاران (B) دیوارِ آہن

(C) حُبِ وطن (D) حُسن اتفاق

25. ''رکھتے ہیں کہیں پاؤں تو پڑتا ہے کہیں اور
ساقی تو ذرا ہاتھ تو لے تھام ہمارا
(یہ شعر کس شاعر کا ہے)

(A) میر تقی میرؔ (B) اِنشا اللہ خاں انشاؔ

(C) اصغر گوندوی (D) امیر مینائی

26. شاعر ''ناصر کاظمی'' نے سچا غمگسار کسے کہا ہے؟

(A) اپنے پڑوسی کو
(B) اپنے دوست کو
(C) اپنے دل کو
(D) اس دُنیا کو

27. پہلی رباعی میں تلوک چند محروم نے لوگوں کو کس بات کی تلقین کی ہے؟

(A) یتیموں پر رحم
(B) زمین والوں پر رحم
(C) غریبوں پر رحم
(D) بے زبانوں پر رحم

28. شاعر ''اصغر گونڈوی'' نے اپنے شعر میں ''چمن'' سے کس طرف اشارہ کیا ہے؟

(A) امیدوں کی طرف
(B) آخرت کی طرف
(C) خواہشات کی طرف
(D) دُنیا کی طرف

29. ''وہ خضرِ عصر و عیسیٰ'' جیسے ناموں سے شاعر مجاز لکھنوی نے کسے یاد کیا ہے؟

(A) مولانا ابوالکلام آزاد کو
(B) گاندھی جی کو
(C) وطن پرستوں کو
(D) عیسیٰؑ کو

30. ''پیوستہ رہ شجر سے امیدِ بہار رکھ'' یہ نظم ڈاکٹر محمد اقبال کی کونسی کتاب سے ماخوذ ہے؟

(A) بانگِ جبریل
(B) کلیاتِ اقبال
(C) بانگِ درا
(D) ذخیرۂ اقبال

31. صحیح تلفظ والا الفاظ تلاش کرو؟

(A) فائدہ
(B) پھائیدہ
(C) فائیدا
(D) فاعیدا

32. مندرجہ ذیل میں سے اسم ظرف والا لفظ پہچانئے؟

(A) روشن دان
(B) پاندان
(C) شمع دان
(D) بادبان

33. مندرجہ ذیل میں سے مرکب توصیفی پہچانئے؟

(A) لطف وکرم
(B) انواع واقسام
(C) پھول محل
(D) قومی بازو

34. خط کشید الفاظ کی اسم پہچانئے؟

''سحر سحر تکیہ گاہ اس کی''

(A) اسم خاص
(B) اسم مکرّر
(C) اسم عام
(D) اسم آلا

35. جس شعر میں کسی تاریخی یا مذہبی واقعات کا ذکر ہوا سے ------کا شعر کہتے ہے؟

(A) تشبیہہ
(B) تلمیح
(C) استعارہ
(D) صنعت تام

36. ''پارسل سرے سے وصول ہی نہیں ہوا''

(حرف تخصیص پہچانو)

(A) ہی
(B) وصول
(C) پارسل
(D) سے

37. خط کشیدہ لفظ کو اسم کے لحاظ سے پہچانو؟

''اتنی ارتھیاں ایک ساتھ''

(A) اسم کیفیت
(B) اسم آلہ
(C) اسم جمع
(D) اسم خاص

38. خط کشیدہ لفظ کو قواعد کی رو سے پہچانو؟

''شمیم نے زور زور سے پڑھنا شروع کیا''

(A) فعل
(B) فاعل
(C) مفعول
(D) اسم مفعول

39. تابع جملہ پہچانو۔

(A) ہر ایک قسم کی بلائیں اور مصیبتیں سب نکل پڑیں
(B) امید سے بڑھکر کوئی خوشی نہیں
(C) بھیس بدلنا تو منتریوں کا کام ہوتا ہے
(D) میں نے اپنی ماں کی طرف دیکھا

40. غزل کا آخری شعر جس میں شاعر اپنا تخلص استعمال کرتا ہے اس شعر کو کیا کہتے ہے؟

(A) مطلع
(B) مقطع
(C) مطلع اولیٰ
(D) مطلع ثانی

41. صنعت ناقص پہچانو؟

(A) گُل ۔گلِ
(B) قدر ۔قدرت
(C) مانگ ۔مانگ
(D) ٹوٹ ۔ٹوٹ

42. مجموعۂ الفاظ کے لئے ایک جامع لفظ تلاش کرو۔

''ایک نہایت باریک پشم والے برفانی جانور کی کھال''

(A) انگشتانہ
(B) عبایا
(C) ساٹھن
(D) سموُر

43. ''سر آنکھوں پر لینا'' محاورے کا صحیح معنی بتاؤ؟

(A) بہت خوش ہونا
(B) عزت واحترام کرنا
(C) بہت زیادہ عزّت کرنا
(D) احترام کرنا

**44.** ''فیاض نام کاایک سندھی نوجوان تھا''

(صفت نسبتی تلاش کرو؟)

(A) فیاض

(B) نوجوان

(C) سندھی

(D) ایک

**45.** ایک لفظ کے دو معنی ہو تو اُسے کیا کہیے گے؟

(A) ذومعنی

(B) ہم معنی

(C) الفاظ کے معنی

(D) بامعنی

**46.** مندرجہ ذیل شعر میں سے متضاد الفاظ پہچانو؟

''بہار انجام سمجھوں اس چمن کا یا خزاں سمجھوں''

زبانِ برگ گل سے مجھ کو کیا ارشاد ہوتا ہے

(A) گل × بہار

(B) بہار × خزاں

(C) سمجھوں × سمجھوں

(D) چمن × برگ

**47.** ''تس پر یہ غضب پوچھتی ہو نام ہمارا''

(جدید اردو میں پہچانو)

(A) اُس

(B) ذرا

(C) اِس

(D) اس پر

48. مفرد جملہ پہچانو؟

(A) کفن دفن کے لیے پیسے دے کر ثواب حاصل کیجئے۔

(B) اُن سے کہہ دیجئے کہ راجپوت کی گردن کٹنا جانتی ہے۔

(C) میں یہ بھی نہیں جانتا کہ اِن دنوں میں کہاں ہوں۔

(D) صاحب اندر کچھ بھی نہیں ہے کیونکہ میں ادھر آتا رہتا ہوں۔

49. ''سابقہ'' والا لفظ تلاش کرو۔

(A) سمجھدار

(B) بدمزہ

(C) زمین دار

(D) عقلمند

50. ''اوراق'' کس لفظ کی جمع ہے؟

(A) ورک

(B) ورق

(C) ادراک

(D) صفحہ

S-805

# 05(U)

**(MARCH, 2019)**

**(New Course)**

**(PART-B)**

*Maximum Marks : 50]* *[Time : 2 Hours*

## ہدایات:

(1) اس سوالنامے میں کُل چار حصّے ہیں۔

(2) تمام سوالات لازمی ہیں۔

(3) بائیں جانب کے اعداد مارکس ظاہر کرتے ہیں۔

(4) ہر سیکشن کے جوابات نئے صفحہ سے شروع کریں۔

(5) سوالات کی ترتیب کو مدنظر رکھیں۔

## SECTION - A

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دس بارہ جملوں میں لکھیے۔ [4]

1. ریل منتری اور سیکریٹری بھیس بدل کر کیا کرنا چاہتے تھے؟ کیوں؟

یا

کندن کی شخصیت پر روشنی ڈالیئے؟

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تین چار سطروں میں لکھیے۔ [4]

2. چمپاوتی برہمن کے لئے کھانا کہاں سے لائی تھی؟

3. ''سخی'' سبق میں زندگی کی کونسی سچائی پیش کی گئی ہے؟

یا

مسجد نونہ کی صحیح حقیقت سے مُصنف کب واقف ہوئے؟

■ مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات تفصیل سے لکھئے۔ [3]

4. ''گاندھی جی کی موت پر'' خلاصہ لکھیئے۔

یا

''چشمہ کوثر'' میں شاعر نے سحر کی جو منظر کشی کی ہے اسے اپنے لفظوں میں بیان کرو؟

■ تین چار جملوں میں جواب لکھیئے۔ [4]

5. ''عشق کروانسانو''نظم میں انسان کے جذباتی ہونے سے دُنیا پر کیا اثر ہوا؟

6. شاعر ناصر کاظمی نے اپنے غزل کے مطلع میں کس انسانی وصنف کا ذکر کیا ہے؟

یا

ٹوٹی ہوئی شاخ کا کیا انجام ہوتا ہے؟ کیوں؟

## SECTION - B

■ مندرجہ ذیل عبارت کا اختصار ایک تہائی 1/3 حصّے میں کیجیے۔ اور اس کو مناسب عنوان دیجئے۔ [5]

7. بے شک ہر شخص کو جس طرح اپنے ہونے کا یقین ہے اُسی طرح اس بات کا بھی یقین ہے کہ ایک روز ہم نہ ہوں گے مگر سوال یہ ہے کہ اس پچھلے یقین سے ہم کو کیا سبق لینا چاہیے؟ کیا یہ سبق کہ تمام لوگ اپنی ہستی کو ناپائیدار سمجھ کر جیتے جی مر جائیں اور خاک ہونے سے پہلے خاک ہو جائیں یا یہ نصیحت کہ اس ناگزیر وقت کے آنے سے پہلے جس قدر مہلت ملے اس کو غنیمت سمجھ کر ہاتھ پاؤں ماریں اور خُدا کی اس نعمت عظمیٰ سے جہاں تک ہو سکے آپ بھی فائدہ اٹھائیں اور اپنے ہم جنسوں کو بھی فائدہ پہچائیں۔

■ مندرجہ ذیل اشعار میں سے کسی ایک کی تشریح پندرہ جملوں میں کیجئے۔ [5]

8. خاک کو آدم کر کے اٹھایا جس کی دست قدرت نے قدر نہیں کچھ اس بندے کی یہ بھی خُدا کی قدرت ہے

یا

تمہاری عزتیں تھیں، اوج تھا، رتبہ تھا شانیں تھیں
تمہاری بات تھی، احکام تھا کہنا تھا آنیں تھیں

## SECTION - C

9. 20 گلستان سوسائٹی آزادنگر احمد آباد سے روشان اپنے دوست رومان جو حیدرآباد میں مقیم ہے۔ ''21 جون یوگ دن'' کے جشن کا ذکر کرتے ہوئے خط لکھتا ہے۔ [5]

10. 5 ستمبر کو آپ کی اسکول میں ''یوم اساتذہ'' منایا گیا۔ اِس کا احوال تقریباً 100 الفاظوں میں لکھیے؟ [5]

## SECTION - D

■ مندرجہ ذیل عبارت کو پڑھکر نیچے دیئے گئے سوالوں کے جواب لکھیئے۔ [3]

ہمارے محلے میں سے ہو کر لوگ دوسرے محلوں میں جا سکتے تھے اس لئے سڑک برابر چلا کرتی تھی۔ اور اس طرح کے لوگ راستہ بچانے کے لیے میری کھڑکی کے سامنے سے گزرتے کبھی کوئی سفید پوش گرمی کی چلچلاتی دھوپ میں چھتری لگائے چھڑکاؤ کے پانی سے بچتا ہوا اپنے کپڑوں کو چھینٹوں سے بچاتا، بچوں اور لڑکوں سے کتراتا ہوا اُن کے گھورنے پر غراتا اور آنکھیں نکالتا ہوا گزر جاتا کبھی کبھی راہگیر عاجز آ کر لڑکوں کو مارنے کے لیے لکڑی یا چھڑی اٹھاتا اور بھاگ کر لڑکے چلاتے۔

سوالات:

11. چھتری کا استعمال کون لوگ کرتے تھے؟

12. شام کو ولایتی منڈا پہن کر کوئی کیسے گزرتا تھا؟

13. راہگیر عاجز آ کر کیا کرتا تھا؟

■ اشعار کو پڑھکر سوالوں کے جواب لکھیئے۔ [4]

جو ہیں آفتاب تاباں ۔۔۔ نے چھپایا اپنا چہرہ
وہیں جلوہ گر ہوئے تم ۔۔۔ یہ تمہاری جگمگاہٹ
ہے مسافروں کے حق میں ۔۔۔ بڑی نعمت اور راحت
اگر اتنی روشنی بھی ۔۔۔ نہ میسر آتی اُن کو
تو غریب جنگلوں میں ۔۔۔ یوں ہی بھولے بھٹکے
نہ تمیز راس و چپ کی ۔۔۔ نہ طرف کی ہوتی اٹکل

14. آفتاب کے چُھپنے سے کس کی جگمگاہٹ دیکھائی دیتی ہیں

15. تارے مسافروں کے حق میں کیا ثابت ہوتے ہیں؟

16. اگر تاروں کی روشنی بھی میسر نہ آتی تو غریب کا کیا ہوتا؟

17. اس نظم میں شاعر کس سے مخاطب ہے؟

■ دیئے گئے نکات کی مدد سے کسی ایک عنوان پر لگ بھگ 250 لفظوں میں مضمون لکھیے۔ [8]

18. i) بیٹی بچاؤ۔ بیٹی پڑھاؤ

نکات: غور سے دیکھ میری معصومیت کو اے ابن آدم

میں حوّا کی نشانی ہوں تیرے ہاتھ کا کھلونا نہیں

پُرانے زمانے میں لڑکیوں کو دودھ پیتی کرنے کا رواج ---وقت بدلا---ٹیکنولوجی بدلی ----آج ماں کی کوکھ میں ہی ختم کردی جاتی ہے بیٹی ---- بیٹی بچاؤ ----تعلیم یافتہ بناؤ ---ایک بیٹی 100 استاد کی ضرورت کو پورا کرتی ہے ---ایک پڑھالکھا خاندان بناتی ہے ---بیٹیاں شرم وحیا م کا زیور ----- حکومت نے بھی اس بات پر زور دیا ---بیٹی بچاؤ --- بیٹی بڑھاؤ -----

ii) سیلاب کی تباہ کاریاں

نکات: بارش زیادہ ہونے سے سیلاب کی آمد----

سیلاب کا پانی اتر جاتا ہے مگر ---- پیچھے چھوڑ جاتا ہے -----

بیماریاں، تباہی بربادی ---اپنے اپنوں سے بچھڑ جاتے ہیں ---شہر، گاؤں، تباہ ---گھیت برباد ---! انسان روٹی، پانی کا محتاظ ---حکومت کی طرف سے امداد ----کھانا ----دوائیاں اور دوسری ضرورتِ زندگی ---مگر ناکافی ---

iii) میرا یادگار سفر

نکات: سفر کی اہمیت ---کسی تاریخی مقام کی سیر ----راستے میں شرارتیں اور کچھ اُلجھنیں ----

اپنی منزل پر پہنچ کر ساری تکلیفیں دور ----ایک ہفتے کا پروگرام ----واپسی کی تیاری -----

ساری زندگی یاد رہے گا یہ سفر

⇨⇨⇨⇨